# پاکستان انٹرنیشنل اسکول جدّہ (انگلش سیکشن)

دن: ____________ تاریخ: ________________

تفہیم: ﴿آؤ منائیں سالگرہ﴾

آج شان کی بہن بانو کی سالگرہ تھی۔صبح اٹھتے ہی امّی ،ابّو اور شان نے بانو کو سالگرہ کی مبارک باد دی۔بانو سات سال کی ہوگئی ہے۔اس نے اپنی دوستوں کو شام کو دعوت پر بلایا ہے۔امّی نے سارے گھر کو غباروں سے سجایا اور طرح طرح کی مٹھائیاں ،کیک اور بسکٹ منگوائے۔سب بچوں نے نئے نئے کپڑے پہنے اور بانو کو خوبصورت تحفے دیے۔بانو نے کیک کاٹا۔سب بچوں نے کیک کھایا اور بانو کو لمبی عمر کی دعائیں دیں۔




☆ درست جواب کا انتخاب کریں:

سوال۔ا سالگرہ کس کی تھی؟

ا۔ بانو کی ۲۔شان کی



سوال نمبر۔۲  بانو کتنے سال کی ہوگئی تھی؟

۱۔ دس سال کی  ۲۔سات سال کی

☆ **خالی جگہ پُر کریں:**

تحفے  کیک  عمر

۱۔ بچّوں نے بانو کو ________________ دیے۔

۲۔ بانو نے ______________ کاٹا۔

۳۔ سب بچّوں نے بانو کو لمبی ______________ کی دعائیں دیں۔

☆ **جملے بنائیں:** (درست جملے کا انتخاب کریں)

۱۔ بہن  بہن ہے شان کی بانو

بانو شان کی بہن ہے

۲۔ کپڑے بچّوں نے نئے نئے کپڑے پہنے

کپڑے پہنے نئے نئے بچّوں نے

☆ دیئے گئے جملوں میں ختمہ(۔) اور سوالیہ (؟) کا درست انتخاب کریں۔

۱۔ بچّے سو رہے ہیں ۔ ؟

۲۔ شان کس کا بھائی ہے ۔ ؟

۳۔ ہمارا اسکول بڑا ہے ۔ ؟

۴۔ امّی نے کیا پکایا ہے ۔ ؟

۵۔ ابّو شان کے لیے کتاب لائے ۔ ؟

۶۔ نانی امّاں کہاں ہیں ۔ ؟